# قرآن پڑھنے کے بنیادی قواعد

سوال جواب کے ساتھ

درجہ اوّل

# اِقرأ

قرآن پڑھنے کیلئے ابتدائی قاعدہ

مرتّبہ: صُغریٰ بٹ

Pak Islami Majlis e.V Iqra Madrasa
Brenner Str. 12 , 20099 Hamburg Germany
www.pakislamimajlis.com

سبق نمبر1

# حروفِ تہجی

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا/ء | ب | ت | ث | ج | ح | خ |
| د | ذ | ر | ز | س | ش | ص |
| ض | ط | ظ | ع | غ | ف | ق |
| ك | ل | م | ن | و | ھ | ی |

## سوال/جواب

**س1۔ عربی زبان کے کُل کتنے حروفِ تہجی ہیں؟**

ج۔ عربی زبان کے کُل انتیس(29) حروفِ تہجی ہیں۔

**س2۔ حرف کی کوئی مثال دیں۔**

ج۔ ء، ب، ت، ث وغیرہ

**س3۔ حرف اور حروف میں کیا فرق ہے؟**

ج۔ حرف ایک ہوتا ہے اور حروف ایک سے زیادہ۔

**س4۔ کتنے حروف بغیر نقطوں کے ہوتے ہیں؟**

ج۔ پندرہ(15) حروف بغیر نقطوں کے ہوتے ہیں۔

**س5۔ کتنے حروف پر ایک (1) نقطہ ہوتا ہے؟**

ج۔ دس(10) حروف پر ایک (1) نقطہ ہوتا ہے۔

**س6۔ کتنے حروف پر دو (2) نقطے ہوتے ہیں؟**

ج۔ دو (2) حروف پر دو (2) نقطے ہوتے ہیں۔

**س7۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟**

ج۔ یہ حروف ت اور ق ہیں۔

**س8۔ کتنے حروف پر تین(3) نقطے ہوتے ہیں؟**

ج۔ دو(2) حروف پر تین(3) نقطے ہوتے ہیں۔

**س9۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟**

ج۔ یہ حروف ث اور ش ہیں۔

**س10۔ ہمیشہ پُر (موٹے) پڑھے جانے والے حروف کتنے ہیں؟**

ج۔ ہمیشہ پُر پڑھے جانے والے حروف سات(7) ہیں۔

**س11۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟**

ج۔ یہ حروف، خ، ص، ض، ط، ظ، غ اور ق ہیں۔

سبق نمبر 2

# حرکات ( ـَ ، ـِ ، ـُ )

## زبر ( ـَ ) کا قاعدہ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ءَ | بَ | تَ | ثَ | جَ | حَ | خَ |
| دَ | ذَ | رَ | زَ | سَ | شَ | صَ |
| ضَ | طَ | ظَ | عَ | غَ | فَ | قَ |
| کَ | لَ | مَ | نَ | وَ | ھَ | یَ |

### زبر سے دو حرفی الفاظ کی بناوٹ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غَذَ | طَرَ | قَفَ | صَدَ | نَضَ |

### زبر سے تین حرفی الفاظ کی بناوٹ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| خَتَمَ | نَصَرَ | قَرَاَ | بَطَنَ | ظَلَمَ |

## سوال / جواب

س1۔ حرکات کتنی ہوتی ہیں؟

ج۔ حرکات تین (3) ہوتی ہیں۔

س2۔ حرکات کون کون سی ہیں؟

ج۔ زبر ( ـَ )، زیر ( ـِ ) اور پیش ( ـُ )

س3۔ حرکات کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟

ج۔ حرکات کی مقدار ایک سیکنڈ کے برابر ہوتی ہے۔

س4۔ جس حرف پر حرکت ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

ج۔ جس حرف پر حرکت ہو اسے مُتَحَرِّک کہتے ہیں۔

س5۔ زبر حرف کے کِس طرف ہوتا ہے؟

ج۔ زبر حرف کے اُوپر ہوتا ہے۔

س6۔ زبر والی را ( رَ ) کو کیسے پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ زبر والی را ( رَ ) کو ہمیشہ پُر پڑھا جاتا ہے۔

---

سبق نمبر 3

# زیر ( ِ ) کا قاعدہ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ءِ | بِ | تِ | ثِ | جِ | حِ | خِ |
| دِ | ذِ | رِ | زِ | سِ | شِ | صِ |
| ضِ | طِ | ظِ | عِ | غِ | فِ | قِ |
| کِ | لِ | مِ | نِ | وِ | ھِ | یِ |

زیر سے دو(2) حرفی الفاظ کی بناوٹ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| عِقِ | طِلِ | رِدِ | سِعِ | خِذِ |

زیر سے تین(3) حرفی الفاظ کی بناوٹ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِبِلِ | رِزِقِ | عِمِدِ | فِعِلِ | قِدِرِ |

سوال / جواب

س1۔ زیر حرف کے کس طرف ہوتا ہے؟

ج۔ زیر حرف کے نیچے ہوتا ہے۔

س2۔ زیر والی را ( رِ ) کو کیسے پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ زیر والی را ( رِ ) کو ہمیشہ باریک پڑھا جاتا ہے۔

سبق نمبر 4

# پیش ( ـُـ ) کا قاعدہ

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ءُ | بُ | تُ | ثُ | جُ | حُ | خُ |
| دُ | ذُ | رُ | زُ | سُ | شُ | صُ |
| ضُ | طُ | ظُ | عُ | غُ | فُ | قُ |
| کُ | لُ | مُ | نُ | وُ | ھُ | یُ |

پیش سے دو (2) حرفی الفاظ کی بناوٹ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| دُعُ | زُدُ | نُسُ | خُضُ | قُطُ |

پیش سے تین (3) حرفی الفاظ کی بناوٹ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| صُحُفُ | رُسُلُ | عُنُقُ | جُرُفُ | خُلُقُ |

سوال / جواب

س1۔ پیش حرف کے کِس طرف ہوتا ہے؟

ج۔ پیش حرف کے اُوپر ہوتا ہے۔

س2۔ پیش والی را (رُ) کو کیسے پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ پیش والی را (رُ) کو ہمیشہ پُر پڑھا جاتا ہے۔

سبق نمبر 5

# جزم ( ـْ ) کا قاعدہ

## حروفِ قلقلہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَقْ | اَطْ | اَبْ | اَجْ | اَدْ |

## حروفِ حلقی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَءْ | اَہْ | اَعْ | اَحْ | اَغْ | اَخْ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اِکْ | اِشْ | اِضْ | اِلْ | اِرْ |
| اِنْ | اِتْ | اُظْ | اُذْ | اُثْ |
| اُزْ | اُسْ | اُصْ | اُفْ | اُمْ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَقْبِلْ | اِقْرَاْ | اَلْحَمْدُ | اَنْعَمْتُ | اِدْفَعْ |

## سوال / جواب

**س1۔ جزم کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ جزم کا مطلب سکون ہے۔

**س2۔ جس حرف پر جزم ہوا سے کیا کہتے ہیں؟**

ج۔ جس حرف پر جزم ہوا سے ساکن یا مجزوم کہتے ہیں۔

**س3۔ حروفِ قلقلہ کتنے ہیں؟**

ج۔ حروفِ قلقلہ پانچ (5) ہیں۔

**س4۔ حروفِ قلقلہ کون کون سے ہیں؟**

ج۔ حروفِ قلقلہ ق، ط، ب، ج، اور د ہیں۔

**س5۔ ان حروف کا مجموعہ کیا ہے؟**

ج۔ قُطُبُ جَدٍّ

**س6۔ انھیں حروفِ قلقلہ کیوں کہتے ہیں؟**

ج۔ یہ حروف جب ساکن ہوں تو ان کی دو (2) آوازیں نکلتی ہیں اس لیے انھیں حروفِ قلقلہ کہتے ہیں۔

**س7۔ حروفِ حلقی کتنے ہیں؟**

ج۔ حروفِ حلقی چھ (6) ہیں۔

**س8۔ حروفِ حلقی کون کون سے ہیں؟**

ج۔ حروفِ حلقی ء، ہ، ع، ح، غ، اور خ ہیں۔

**س9۔ انھیں حروفِ حلقی کیوں کہتے ہیں؟**

ج۔ انھیں حروفِ حلقی اس لیے کہتے ہیں کہ یہ حلق سے ادا ہوتے ہیں۔

## حروفِ مدّہ : الف(ا)، واؤ(و)، یا(ی)

| ا | و | ی |
|---|---|---|
| بَا<br>بَارَکَ | حُو<br>حُوۡرٌ | بِی<br>اَبِیۡ |
| ذَا<br>ذَالِکَ | نُوۡ<br>نُوۡرٌ | تِی<br>نِعۡمَتِیۡ |

## حروفِ لِین ( واؤ، یا )

| | | | |
|---|---|---|---|
| و | قَوۡ<br>قَوۡلٌ | نَوۡ<br>نَوۡمٌ | یَوۡ<br>یَوۡمٌ |
| ی | بَیۡ<br>بَیۡنَھُمۡ | لَیۡ<br>لَیۡلَ | رَیۡ<br>رَیۡبَ |

## الف بحیثیت ہمزہ ساکن ( أ ) — درمیانی الف

| | | |
|---|---|---|
| اَسَاْتُمۡ<br>اَسَءۡتُمۡ | تَاْخُذُ<br>تَءۡخُذُ | یَاْمُرُکُمۡ<br>یَءۡمُرُکُمۡ |

# حروفِ مدہ / حروفِ لِین / ساکن الف

## سوال / جواب

**س1۔ مدّ کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ مدّ کا مطلب ہے کھینچنا

**س2۔ حروفِ مدّہ کتنے ہیں؟**

ج۔ حروفِ مدّہ تین (3) ہیں۔

**س3۔ حروفِ مدّہ کون کون سے ہیں؟**

ج۔ حروفِ مدّہ الف (ا)، واؤ (و) اور یا (ی) ہیں۔

**س4۔ الف (ا) حرفِ مدّہ کب بنتا ہے؟**

ج۔ جب الف (ا) خود خالی ہو اور اُس سے پہلے زبر ( ـَ ) آجائے تو الف (ا) حرفِ مدّہ بن جاتا ہے۔

**س5۔ واؤ (و) حرفِ مدّہ کب بنتا ہے؟**

ج۔ جب واؤ (و) خود ساکن ہو اور اُس سے پہلے پیش ( ـُ ) آجائے تو واؤ (و) حرفِ مدّہ بن جاتا ہے۔

**س6۔ یا (ی) حرفِ مدّہ کب بنتا ہے؟**

ج۔ جب یا (ی) خود ساکن ہو اُس سے پہلے زیر ( ـِ ) آجائے تو یا (ی) حرفِ مدّہ بن جاتا ہے۔

**س7۔ حروفِ مدّہ کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟**

ج۔ حروفِ مدّہ کی مقدار ایک الف (ا) یا دو (2) حرکات کے برابر ہوتی ہے۔

**س8۔ حروفِ لِین کتنے ہیں؟**

ج۔ حروفِ لِین دو (2) ہیں۔

**س9۔ حروفِ لِین کون کون سے ہیں؟**

ج۔ حروفِ لِین واؤ (و) اور یا (ی) ہیں۔

**س10۔ واؤ (و) اور یا (ی) حروفِ لِین کب بنتے ہیں؟**

ج۔ واؤ (و) اور یا (ی) حروفِ لِین اُس وقت بنتے ہیں جب یہ خود ساکن ہوں اور اِن سے پہلے زبر ( ـَ ) آجائے۔

**س11۔ ساکن الف ( أ ) اور ساکن ہمزہ ( ء ) کو کیسے پڑھا جاتا ہے؟**

ج۔ ساکن الف ( أ ) اور ساکن ہمزہ ( ء ) کو جھٹکے سے پڑھا جاتا ہے۔

## کھڑی حرکات: کھڑا زبر ( ـٰ ) ، کھڑی زیر ( ـٖ ) ، اُلٹی پیش ( ـٗ )

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ءٰ<br>اٰمَنَ | طٰہٰ<br>طٰہٰ | حٰ<br>اَوْحٰی | مٰ<br>مٰلِکِ | یٰ<br>اٰیٰتِکَ |
| یٖ<br>یُحْیٖ | ءٖ<br>اِلْفِھِمْ | ہٖ<br>رُسُلِہٖ | مٖ<br>مٖکٰلَ | قٖ<br>قٖلِہٖ |
| وٗ<br>وٗرِیَ | وٗ<br>دَاوٗدَ | ءٗ<br>مَوْءٗدَۃُ | ہٗ<br>اَھْلَہٗ | ہٗ<br>کَلِمَتُہٗ |

## سوال / جواب

**س1۔ کھڑی حرکات کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ کھڑا زبر ( ـٰ ) ، کھڑی زیر ( ـٖ ) اور اُلٹی پیش ( ـٗ ) کو کھڑی حرکات کہتے ہیں۔

**س2۔ کھڑی حرکات کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟**

ج۔ کھڑی حرکات کی مقدار ایک (1) الف (ا) یا دو (2) حرکات کے برابر ہوتی ہے۔

# شد ( ـّـ ) کا قاعدہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اَبَّ<br>اَبْ بَ | اِبَّ<br>اِبْ بَ | اُبَّ<br>اُبْ بَ | اَوَّ<br>اَوْ وَ | اِیَّ<br>اِیْ یَ |
| قَدَّرَ | كُوِّرَتْ | وَالضُّحٰى | قَدْتَّ<br>قَتَّ | اَنْلَّ<br>اَلَّ |
| يَذَّكَّرُ | يَصَّعَّدُ | يَشَّقَّقُ | وَالتَّوَّابُ | وَالظِّلُّ |

## سوال / جواب

**س1۔ جس حرف پر شد ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟**

ج۔ جس حرف پر شد ہو اُسے مشدّد کہتے ہیں۔

**س2۔ جس حرف پر شد ہو اُسے کتنی دفعہ پڑھا جاتا ہے؟**

ج۔ جس حرف پر شد ہو اُسے دو (2) دفعہ پڑھا جاتا ہے۔

---

سبق نمبر 9

# مدّات

| مدِّ متّصِل | مدِّ مُنفصِل | مدِّ لازم |
|---|---|---|
| جَآءَ | مَآ اَغْنٰى | وَلَا الضَّآلِّيْنَ |
| سُوْٓءُ | قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ | تَاْمُرُوْٓنِّىْ |
| جِاىْٓءَ | بَنِىْٓ اٰدَمَ | جِيْٓمْ |

## سوال / جواب

**س1۔ مدِّ متّصِل کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ جب حروفِ مدّہ کے بعد ہمزہ اُسی کلمہ میں آ جائے تو اُس وقت جو مد کیا جاتا ہے اسے مدِّ متّصِل کہتے ہیں۔
اِس میں حروفِ مدّہ کے اوپر بڑے مدّ کی علامت ( ٓ ) ہوتی ہے۔

**س2۔ مدِّ مُنفَصِل کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ جب حروفِ مدّہ کے بعد ہمزہ دوسرے کلمہ میں آ جائے تو اُس وقت جو مد کیا جاتا ہے اسے مدِّ مُنفَصِل کہتے ہیں۔
اِس میں حروفِ مدّہ کے اوپر چھوٹے مدّ کی علامت ( ٓ ) ہوتی ہے۔

**س3۔ مدِّ متّصِل اور مدِّ مُنفَصِل کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟**

ج۔ دونوں مدّوں کی مقدار تقریباً پانچ (5) حرکات کے برابر ہوتی ہے۔

**س4۔ سکون کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ جزم ( ْ ) اور شد ( ّ ) کو سکون کہتے ہیں۔

**س5۔ مدِّ لازم کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ جب حروفِ مدّہ کے بعد سکون آ جائے تو اُس وقت جو مد کیا جاتا ہے اسے مدِّ لازم کہتے ہیں۔
اِس میں حروفِ مدّہ کے اوپر بڑے مدّ کی علامت ( ٓ ) ہوتی ہے۔

**س6۔ مدِّ لازم کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟**

ج۔ مدِّ لازم کی مقدار تقریباً چھ (6) حرکات کے برابر ہوتی ہے۔

## سبق نمبر 10

**تنوین:** دوزبر ( ـً )، دوزیر ( ـٍ )، دوپیش ( ـٌ )

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ءً<br>اَنْ | ہً<br>ہَنْ | عً<br>عَنْ | حً<br>حَنْ | غً<br>غَنْ | خً<br>خَنْ | قً<br>قَنْ |
| کً<br>کَنْ | جً<br>جَنْ | شٍ<br>شِنْ | يٍ<br>يِنْ | ضٍ<br>ضِنْ | لٍ<br>لِنْ | نٍ<br>نِنْ |
| رٍ<br>رِنْ | طٍ<br>طِنْ | دٍ<br>دِنْ | تٍ<br>تِنْ | ظٍ<br>ظِنْ | ذٌ<br>ذُنْ | ثٌ<br>ثُنْ |
| زٌ<br>زُنْ | سٌ<br>سُنْ | صٌ<br>صُنْ | فٌ<br>فُنْ | بٌ<br>بُنْ | مٌ<br>مُنْ | وٌ<br>وُنْ |

### سوال / جواب

**س1۔ تنوین کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ دوزبر ( ـً )، دوزیر ( ـٍ ) اور دوپیش ( ـٌ ) کو تنوین کہتے ہیں۔

**س2۔ تنوین کی آواز کیسی ہوتی ہے؟**

ج۔ تنوین کی آواز نون ساکن جیسی ہوتی ہے۔

# تنوین والے الفاظ کی بناوٹ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَبَدًا<br>اَبَدَنْ | قَوْمًا<br>قَوْمَنْ | قُرْاٰنًا عَجَبًا<br>قُرْاٰنَنْ عَجَبًا | نَارًا حَامِيَةٌ<br>نَارَنْ حَامِيَةٌ |
| شَجَرٍ<br>شَجَرِنْ | كِرَامٍ<br>كِرَامِنْ | مَلِكٍ عَادِلٌ<br>مَلِكِنْ عَادِلٌ | عَذَابٍ اَلِيْمًا<br>عَذَابِنْ اَلِيْمًا |
| حَسَنٌ<br>حَسَنُنْ | اُسْوَةٌ<br>اُسْوَتُنْ | اَجْرٌ عَظِيْمًا<br>اَجْرُنْ عَظِيْمًا | عَلِيْمٌ خَبِيْرًا<br>عَلِيْمُنْ خَبِيْرًا |

## سبق نمبر 12

# نون ساکن اور تنوین کے احکام

1۔ اِظہارِ حلقی   2۔ اِدغام   3۔ اِقلاب   4۔ اِخفاءِ حقیقی

حروفِ اِظہار: 1۔ ء  2۔ ہ  3۔ ع  4۔ ح  5۔ غ  6۔ خ

مثالیں۔ اِظہارِ حلقی

| حروفِ اِظہار | نون ساکن ایک (1) کلمہ میں | نون ساکن دو (2) کلموں میں | تنوین دو (2) کلموں میں |
|---|---|---|---|
| ء | يَنْـَٔوْنَ | مَنْ اٰمَنَ | جَنّٰتٍ اَلْفَافًا |
| ہ | مِنْهَاجًا | مَنْ هَاجَرَ | جُرُفٍ هَارٍ |
| ع | اَنْعَمْتَ | وَمَنْ عَادَ | سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ |
| ح | يَنْحِتُوْنَ | فَاِنْ حَآجُّوْكَ | عَلِيْمًا حَكِيْمًا |
| غ | فَسَيُنْغِضُوْنَ | مِنْ غِلٍّ | عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ |
| خ | وَالْمُنْخَنِقَةُ | مِنْ خَيْرٍ | يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ |

### سوال / جواب

س1۔ نون ساکن اور تنوین کے کتنے احکام ہیں؟

ج۔ نون ساکن اور تنوین کے چار (4) احکام ہیں۔

س2۔ یہ احکام کون کون سے ہیں؟

ج۔ اِظہارِ حلقی، اِدغام، اِقلاب، اِخفاءِ حقیقی

س3۔ حروفِ حلقی جب نون ساکن اور تنوین کے بعد آجائیں تو کیا کہلاتے ہیں؟

ج۔ حروفِ حلقی جب نون ساکن اور تنوین کے بعد آجائیں تو حروفِ اِظہار کہلاتے ہیں۔

س4۔ حروفِ اِظہار کون کون سے ہیں؟

ج۔ ء ، ہ ، ع ، ح ، غ ، خ

س5۔ اِظہارِ حلقی کا کیا مطلب ہے؟

ج۔ جب نون ساکن اور تنوین کے بعد حروفِ اِظہار آجائیں تو نون کی آواز کو واضح کر کے پڑھا جاتا ہے۔ اس حکم کو اِظہارِ حلقی کہتے ہیں۔

سبق نمبر 13

# اِدغام

1۔ ی  2۔ ر  3۔ م  4۔ ل  5۔ و  6۔ ن  (یَرْمَلُوْنَ)

1۔ اِدغام بغنّہ

1۔ ی  2۔ ن  3۔ م  4۔ و  (یَنْمُوْ)

2۔ اِدغام بغیر غنّہ

1۔ ر  2۔ ل  (رَلَّ)

## اِدغام کی مثالیں

| اِدغام بغنّہ | اِدغام بغیر غنّہ |
|---|---|
| مَنْ یَّقُوْلُ ـ مِنْ نِّعْمَةٍ | وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ |
| مِنْ وَّالٍ ـ مِنْ مَّالٍ | مِنْ رَّبِّهِمْ |
| وَبَرْقٌ يَّجْعَلُوْنَ ـ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ | هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ |
| قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ | ثَمَرَةٍ رِّزْقًا |

## حروفِ غنّہ

1۔ نون مشدّد

اَنَّ

2۔ میم مشدّد

عَمَّ

# اِدغام

## سوال / جواب

**س1۔ اِدغام کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ ایک ساکن حرف کو اِس کے بعد آنے والے متّحرک حرف میں ملا کر پڑھنے کو اِدغام کہتے ہیں۔

**س2۔ نون ساکن کا اِدغام کتنے حروف میں ہوتا ہے؟**

ج۔ نون ساکن کا اِدغام چھ (6) حروف میں ہوتا ہے۔

**س3۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟**

ج۔ یہ حروف ی، ر، م، ل، و، اور ن ہیں۔

**س4۔ اِن حروف کا مجموعہ کیا ہے؟**

ج۔ یَرْمَلُوْن

**س5۔ اِدغام کی کتنی قسمیں ہیں؟**

ج۔ اِدغام کی دو (2) قسمیں ہیں۔

**س6۔ اِن قسموں کا کیا نام ہے؟**

ج۔ اِدغام بغُنَّہ اور اِدغام بغیر غُنَّہ

**س7۔ اِدغام بغنہ میں کتنے حروف شامل ہیں؟**

ج۔ اِدغام بغنہ میں چار (4) حروف شامل ہیں۔

**س8۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟**

ج۔ یہ حروف ی، ن، م اور و ہیں۔

**س9۔ اِن حروف کا مجموعہ کیا ہے؟**

ج۔ یَنْمُو

**س10۔ اِدغام بغیر غنہ میں کتنے حروف شامل ہیں؟**

ج۔ اِدغام بغیر غنہ میں دو (2) حروف شامل ہیں۔

**س11۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟**

ج۔ یہ حروف ر اور ل ہیں۔

**س12۔ اِن حروف کا مجموعہ کیا ہے؟**

ج۔ رَلّ

**س13۔ اِدغام کتنے کلموں میں ہوتا ہے؟**

ج۔ اِدغام ہمیشہ دو (2) کلموں میں ہوتا ہے۔

**س14۔ غُنّہ کسے کہتے ہیں؟**

ج۔ آواز کو ناک میں ٹھہرانے کا نام غنّہ ہے۔

**س15۔ غُنّہ کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟**

ج۔ غُنّہ کی مقدار ایک الف (ا) یا دو (2) حرکات کے برابر ہوتی ہے۔

**س16۔ حروفِ غُنّہ کتنے ہیں؟**

ج۔ حروفِ غُنّہ دو (2) ہیں۔

**س17۔ حروفِ غُنّہ کون کون سے ہیں؟**

ج۔ میم مشدّد ( مّ ) اور نون مشدّد ( نّ )

سبق نمبر 14

# اِقلاب ۔ ب

## اِقلاب کی مثالیں

| تنوین دو (2) کلموں میں | نون ساکن دو (2) کلموں میں | نون ساکن ایک (1) کلمہ میں |
|---|---|---|
| عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ | أَنۢ بُورِكَ | أَنۢبِئُونِي |
| عَلِيمٌۢ بِالظَّالِمِينَ | مِنۢ بَعْدِ | أَنۢبِئْهُم |
| حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ | كَمَنۢ بَآءَ | تُنۢبِتُ |
| أَبَدًۢا بِمَا ـ كَافِرٍۢ بِهِ | يُؤْمِنۢ بِاللّٰهِ | أَنۢبَاهُم |

## سوال / جواب

**س1۔ نون ساکن کا اِقلاب کتنے حروف میں ہوتا ہے؟**

ج۔ نون ساکن کا اِقلاب ایک (1) حرف میں ہوتا ہے۔

**س2۔ یہ حرف کون سا ہے؟**

ج۔ یہ حرف ب ہے۔

**س3۔ اِقلاب کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ جب نون ساکن اور تنوین کے بعد ب آجائے تو نون کی آواز کو میم سے بدل کر غُنّہ کرتے ہیں۔ اِس قاعدہ کو اِقلاب کہتے ہیں۔

سبق نمبر 15

# اِخفاءِ حقیقی

## حروفِ اِخفاء

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ص | ذ | ث | ک | ج |
| ش | ق | س | د | ط |
| ز | ف | ت | ض | ظ |

## اِخفاءِ حقیقی کی مثالیں

| حروفِ اِخفاء | نون ساکن ایک (1) کلمہ میں | نون ساکن دو (2) کلموں میں | تنوین دو (2) کلموں میں |
|---|---|---|---|
| ص | يَنْصُرُكُمْ | مِنْ صَلْصَالٍ | عَمَلًا صَالِحًا |
| ذ | مُنْذِرٌ | مِنْ ذَهَبٍ | سِرَاعًا ذٰلِكَ |
| ث | مَنْثُوْرًا | مِنْ ثَمَرَةٍ | قَلِيْلًا ثُمَّ |
| ک | اَنْكَالًا | مِنْ كُتُبٍ | كِرَامًا كَاتِبِيْنَ |
| ج | اَنْجَيْنَاهُ | مِنْ جُوْعٍ | فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ |
| ش | يُنْشِئُ | مَنْ شَكَرَ | عَذَابٌ شَدِيْدٌ |
| ق | يَنْقُضُوْنَ | مِنْ قَبْلُ | ثَمَنًا قَلِيْلًا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| س | مِنْسَاَتَهٗ | مَنْ سَفِهَ | قَوْلًا سَدِيْدًا |
| د | اَنْدَادًا | مِنْ دُوْنِكُمْ | بَخْسٍ دَرَاهِمَ |
| ط | فَانْطَلَقُوْا | مِنْ طِيْنٍ | حَلٰلًا طَيِّبًا |
| ز | مُنْزِلًا | فَاِنْ زَلَلْتُمْ | يَوْمَئِذٍ زُرْقًا |
| ف | فَانْفِرُوْا | مِنْ فُرُوْجٍ | مَآءً فَاَخْرَجَ |
| ت | مُنْتَهُوْنَ | فَمَنْ تَبِعَ | جَنّٰتٍ تَجْرِيْ |
| ض | مَنْضُوْدٍ | اِنْ ضَلَلْتُ | لِكُلٍّ ضِعْفٌ |
| ظ | يَنْظُرُوْنَ | مَنْ ظَلَمَ | سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ |

## سوال / جواب

**س1۔ نون(ن) کا اِخفاء کتنے حروف کی وجہ سے ہوتا ہے؟**

ج۔ نون(ن) کا اِخفاء پندرہ(15) حروف کی وجہ سے ہوتا ہے۔

**س2۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟**

ج۔ یہ حروف ت،ث،ج،د،ذ،ز،س،ش،ص،ض،ط،ظ،ف،ق اور ک ہیں۔

**س3۔ اِن حروف کو کیا کہتے ہیں؟**

ج۔ اِن حروف کو حروفِ اِخفاء کہتے ہیں۔

**س4۔ اِخفاء کی آواز کیسی ہوتی ہے؟**

ج۔ اِخفاء کی آواز اظہار اور غنّہ کی درمیانی آواز ہوتی ہے یعنی نرم غنّہ۔

**س5۔ اِخفاء کی آواز کتنی قسموں کی ہوتی ہے؟**

ج۔ اِخفاء کی آواز دو(2) قسموں کی ہوتی ہے۔

**س6۔ یہ قسمیں کون کون سی ہیں؟**

ج۔ پُر اور باریک

**س7۔ اِخفاء پُر کب ہوتا ہے؟**

ج۔ جب نون ساکن اور تنوین کے بعد پُر پڑھے جانے والے حروف آ جائیں تو اِخفاء پُر ہوتا ہے۔

**س8۔ اِخفاء باریک کب ہوتا ہے؟**

ج۔ جب نون ساکن اور تنوین کے بعد پُر پڑھے جانے والے حروف کے علاوہ کوئی حرف آ جائے تو اِخفاء باریک ہوتا ہے۔

**س9۔ اِخفاء کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟**

ج۔ اِخفاء کی مقدار ایک الف یا دو (2) حرکات کے برابر ہوتی ہے۔

سبق نمبر 16

# میم ساکن (مْ) کے احکام

## اِخفاءِ شفوی ۔ ب

| | | |
|---|---|---|
| يَعْتَصِمْ بِاللّٰهِ | كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ | اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ |

## اِدغامِ شفوی ۔ م

| | | |
|---|---|---|
| لَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ | كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ | كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ |

## اِظہارِ شفوی ۔ 26 حروف

| حروف | مثالیں | حروف | مثالیں |
|---|---|---|---|
| ء | اَيُّكُمْ اَحْسَنُ | ر | يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ |
| ت | اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ | ف | لَهُمْ فِيْهَا |
| خ | كُنْتُمْ خَيْرَ | و | خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ |

## سوال / جواب

**س1۔ میم ساکن (مْ) کے کتنے احکام ہیں؟**

ج۔ میم ساکن (مْ) کے تین (3) احکام ہیں۔

**س2۔ یہ احکام کون کون سے ہیں؟**

ج۔ اِخفاءِ شفوی، اِدغامِ شفوی اور اِظہارِ شفوی

**س3۔ اِخفاءِ شفوی کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ میم (م) کے اِخفاء کو اِخفاءِ شفوی کہتے ہیں۔

**س4۔ اِخفاءِ شفوی کتنے حروف کی وجہ سے ہوتا ہے؟**

ج۔ اِخفاءِ شفوی ایک (1) حرف کی وجہ سے ہوتا ہے۔

**س5۔ یہ حرف کون سا ہے؟**

ج۔ یہ حرف ب ہے۔

**س6۔ میم (م) کا اِخفاء کب ہوتا ہے**

ج۔ میم ساکن (مْ) کے بعد ب آجائے تو میم (م) کا اِخفاء ہوتا ہے۔

**س7۔ اِدغامِ شفوی کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ میم (م) کے اِدغام کو اِدغامِ شفوی کہتے ہیں۔

**س8۔ اِدغامِ شفوی کتنے حروف کی وجہ سے ہوتا ہے؟**

ج۔ اِدغامِ شفوی ایک (1) حرف کی وجہ سے ہوتا ہے۔

**س9۔ یہ حرف کون سا ہے؟**

ج۔ یہ حرف م ہے۔

**س10۔ میم (م) کا اِدغام کب ہوتا ہے؟**

ج۔ جب میم ساکن (مْ) کے بعد م آجائے تو میم (م) کا اِدغام ہوتا ہے۔

**س11۔ اِظہارِ شفوی کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ میم (م) کے اِظہار کو اِظہارِ شفوی کہتے ہیں۔

**س12۔ اِظہارِ شفوی کتنے حروف کی وجہ سے ہوتا ہے؟**

ج۔ اِظہارِ شفوی چھبیس (26) حروف کی وجہ سے ہوتا ہے۔

**س13۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟**

ج۔ ب اور م کو چھوڑ کر حروفِ تہجی کے باقی
تمام حروف اس میں شامل ہیں۔

**س14۔ میم (م) کا اِظہار کب ہوتا ہے؟**

ج۔ جب میم ساکن کے بعد، ب اور م کو چھوڑ کر کوئی
بھی حرف آجائے تو میم (م) کا اِظہار ہوتا ہے۔

سبق نمبر 17

# پُر اور باریک پڑھنے کے احکام

ا (الف)　　ل (لام)　　ر (را)

حروفِ مُستعلیہ: خ، ص، ض، ط، ظ، غ، ق

الف (ا) کی مثالیں

| | |
|---|---|
| قَالَ | مَالِكِ |

لامِ جلالہ کی مثالیں

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ | رَسُوْلُ اللّٰهِ |
| وَلِلّٰهِ | بِاللّٰهِ |

پُر را (ر) کی مثالیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| رَشَدًا | يَرْجِعُ | قَدْرُ | صَرَّفْنَا |
| رُشْدًا | تُرْجَعُ | اُمُوْرُ | فَفِرُّوْا |
| اِرْجِعِيْ | رَبِّ ارْجِعُوْنَ | مِرْصَادُ | فِرْقٍ |

باریک را (ر) کی مثالیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| شَرِبَ | فِرْعَوْنَ | فِكْرُ | ذُرِّيَّتَهٗ | خَيْرُ |

# پُر اور باریک پڑھنے کے احکام

## سوال / جواب

س1۔ ہمیشہ پُر پڑھے جانے والے حروف کتنے ہیں؟

ج۔ ہمیشہ پُر پڑھے جانے والے حروف سات (7) ہیں۔

س2۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟

ج۔ خ، ص، ض، ط، ظ، غ، ق

س3۔ اِن حروف کو کیا کہتے ہیں؟

ج۔ اِن حروف کو حروفِ مُستعلیہ کہتے ہیں۔

س4۔ کتنے حروف کبھی پُر اور کبھی باریک پڑھے جاتے ہیں؟

ج۔ تین (3) حروف کبھی پُر اور کبھی باریک پڑھے جاتے ہیں۔

س5۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟

ج۔ الف (ا)، لام (ل) اور را (ر)۔

س6۔ الف (ا) کب پُر پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ جب الف (ا) سے پہلے حروفِ مستعلیہ میں سے کوئی حرف آ جائے تو الف (ا) پُر پڑھا جاتا ہے۔

س7۔ الف (ا) کب باریک پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ جب الف (ا) سے پہلے حروفِ مستعلیہ کے علاوہ کوئی حرف آ جائے تو الف (ا) کب باریک پڑھا جاتا ہے۔

س8۔ کِس لام (ل) کو کبھی پُر اور کبھی باریک پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ لامِ جلالہ کو کبھی پُر اور کبھی باریک پڑھا جاتا ہے۔

س9۔ لامِ جلالہ کسے کہتے ہیں؟

ج۔ اَللّٰہ اور اَللّٰھُمَّ کے اندر موجود مشدّد لام کو لامِ جلالہ کہتے ہیں۔

س10۔ لامِ جلالہ کب پُر پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ جب لامِ جلالہ سے پہلے زبر ( ـَ ) یا پیش ( ـُ ) آ جائے تو لامِ جلالہ پُر پڑھا جاتا ہے۔

س11۔ لامِ جلالہ کب باریک پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ جب لامِ جلالہ سے پہلے زیر ( ـِ ) آ جائے تو لامِ جلالہ باریک پڑھا جاتا ہے۔

س12۔ را (ر) کب پُر پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ را (ر) پُر پڑھا جاتا ہے جب:-

- را پر زبر ( ـَ ) یا پیش ( ـُ ) آ جائے
- را ساکن (رْ) سے پہلے زبر ( ـَ ) یا پیش ( ـُ ) آ جائے
- را ساکن (رْ) سے پہلے والا حرف بھی ساکن ہو اور اس سے پہلے زبر ( ـَ ) یا پیش ( ـُ ) آ جائے
- را مشدّد (رّ) پر زبر ( ـَ ) یا پیش ( ـُ ) آ جائے
- را ساکن (رْ) سے پہلے زیر ( ـِ ) دوسرے کلمے آ جائے
- را ساکن (رْ) سے پہلے عارضی زیر ( ـِ ) آ جائے
- را ساکن (رْ) کے بعد حروفِ مستعلیہ میں سے کوئی حرف آ جائے

س13۔ را (ر) کب باریک پڑھا جاتا ہے؟

ج۔ را (ر) باریک پڑھا جاتا ہے جب:-

- ر کے نیچے زیر ( ـِ ) آ جائے
- را ساکن (رْ) سے پہلے زیر ( ـِ ) آ جائے
- را ساکن (رْ) سے پہلے والا حرف بھی ساکن ہو اور اس سے پہلے زیر ( ـِ ) آ جائے
- را مشدّد (رّ) کے نیچے زیر ( ـِ ) آ جائے
- را ساکن (رْ) سے پہلے یا (ی) ساکن آ جائے

# حروفِ مُقطعات

## ا ح ر س ص ط ع ق ک ل م ن ھ ی

| | | | |
|---|---|---|---|
| الٓمّٓ<br>اَلِفْ لَآمِّيْمْ | الٓمّٓصٓ<br>اَلِفْ لَآمِّيْمْ صَآدْ | الٓرٰ<br>اَلِفْ لَآمْ رَا | الٓمّٓرٰ<br>اَلِفْ لَآمِّيْمْ رَا |
| كٓهٰيٰعٓصٓ<br>كَآفْ هَا يَا عَيْنْ صَآدْ | طٰهٰ<br>طَاهَا | طٰسٓمّٓ<br>طَا سِيْمِّيْمْ | طٰسٓ<br>طَا سِيْنْ |
| يٰسٓ<br>يَا سِيْنْ | صٓ<br>صَآدْ | حٰمٓ<br>حَا مِيْمْ | عٓسٓقٓ<br>عَيْنْ سِيْنْ قَآفْ |
| قٓ<br>قَآفْ | | نٓ<br>نُوْنْ | |

## سوال / جواب

**س1۔ حروفِ مُقطعات کا کیا مطلب ہے؟**

ج۔ حروفِ مُقطعات کا مطلب ہے قطع یعنی الگ الگ کر کے پڑھے جانے والے حروف۔

**س2۔ حروفِ مُقطعات کتنے ہیں؟**

ج۔ حروفِ مُقطعات چودہ (14) ہیں۔

**س3۔ یہ حروف کون کون سے ہیں؟**

ج۔ ا، ح، ر، س، ص، ط، ع، ق، ک، ل، م، ن، ھ، ی

**س4۔ حروفِ مُقطعات میں کئے جانے والے مدّ کو کیا کہتے ہیں؟**

ج۔ حروفِ مُقطعات میں کئے جانے والے مدّ کو مدِّلازِم حرفی کہتے ہیں۔

**س5۔ مدِّلازِم حرفی کی مقدار کتنی ہوتی ہے؟**

ج۔ مدِّلازِم حرفی کی مقدار تقریباً چھ (6) حرکات کے برابر ہوتی ہے۔

سبق نمبر 19

# مخارج پتہ کرنے کا طریقہ

اَءْ اَبْ اَتْ اَثْ اَجْ اَحْ اَخْ

اَدْ اَذْ اَرْ اَزْ اَسْ اَشْ اَصْ

اَضْ اَطْ اَظْ اَعْ اَغْ اَفْ اَقْ

اَکْ اَلْ اَمْ اَنْ اَوْ اَہْ اَیْ

ملتی جلتی آوازوں والے حروف:-

ء ع : اَءْ اَعْ اِءْ اِعْ اُءْ اُعْ

ت ط : اَتْ اَطْ اِتْ اِطْ اُتْ اُطْ

ث س ص : اَثْ اَسْ اَصْ اِثْ اِسْ اِصْ اُثْ اُسْ اُصْ

ح ھ : اَحْ اَھْ اِحْ اِھْ اُحْ اُھْ

د ض : اَدْ اَضْ اِدْ اِضْ اُدْ اُضْ

ذ ز ظ : اَذْ اَزْ اَظْ اِذْ اِزْ اِظْ اُذْ اُزْ اُظْ

ق ک : اَقْ اَکْ اِقْ اِکْ اُقْ اُکْ

# TEST INDEX

| SR. # | Date | Sabaq No. | Qawaid | | Talawat | | Teachers Signature | Parents Signature |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | T. Marks | Obtained Marks | T. Marks | Obtained Marks | | |
| 1 | | | | | | | | |
| 2 | | | | | | | | |
| 3 | | | | | | | | |
| 4 | | | | | | | | |
| 5 | | | | | | | | |
| 6 | | | | | | | | |
| 7 | | | | | | | | |
| 8 | | | | | | | | |
| 9 | | | | | | | | |
| 10 | | | | | | | | |
| 11 | | | | | | | | |
| 12 | | | | | | | | |
| 13 | | | | | | | | |
| 14 | | | | | | | | |
| 15 | | | | | | | | |

# TEST INDEX

| SR. # | Date | Sabaq No. | Qawaid | | Talawat | | Teachers Signature | Parents Signature |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | T. Marks | Obtained Marks | T. Marks | Obtained Marks | | |
| 16 | | | | | | | | |
| 17 | | | | | | | | |
| 18 | | | | | | | | |
| 19 | | | | | | | | |
| 20 | | | | | | | | |
| 21 | | | | | | | | |
| 22 | | | | | | | | |
| 23 | | | | | | | | |
| 24 | | | | | | | | |
| 25 | | | | | | | | |
| 26 | | | | | | | | |
| 27 | | | | | | | | |
| 28 | | | | | | | | |
| 29 | | | | | | | | |
| 30 | | | | | | | | |

نام: ____________________